# نماز مترجم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

## صفتِ ایمان

صفت ایمان

**ایمانِ مفصّل**

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَ

میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور

كُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَ

اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اچھی بری تقدیر پر

شَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ؕ

کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور مرنے کے بعد جی اُٹھنے پر۔

**ایمانِ مجمل**

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ

میں ایمان لایا اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں

وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ اِقْرَارٌ

اور اپنی صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے اس کے سارے حکموں کو قبول کیا زبان

بِاللِّسَانِ وَتَصْدِيْقٌ بِالْقَلْبِ ؕ

سے اقرار ہے اور دل سے یقین ہے۔

# شش کلمہ

چھ کلمے

## اوّل کلمہ طیّب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد ﷺ اللہ کے رسول

اللّٰهِ

ہیں۔

## دوم کلمہ شہادت

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ؕ

اس کے بندے اور رسول ہیں۔

## سوم کلمہ تمجید

سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ

پاک ہے اللہ اور تمام تعریف

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ وَلَا حَوْلَ

اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور گناہوں سے

**چہارم کلمہ**

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ؕ

بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو عالی شان عظمت والا ہے۔

**توحید**

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ؕ لَهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا

بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تمام تعریف ہے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہمیشہ

يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ؕ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ؕ بِيَدِهِ

کے لیے زندہ ہے جو مرے گا نہیں۔ عظمت اور بزرگی والا ہے۔ بہتری اسی

الْخَيْرُ ؕ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

کے ہاتھ میں ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

**پنجم کلمہ استغفار**

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے ہر

ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَأً سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً

گناہ سے جو میں نے کیا جان بوجھ کر یا بھول کر در پردہ یا کھلم کھلا

وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِيْٓ اَعْلَمُ وَمِنَ

اور میں توبہ کرتا ہوں اس کے حضور میں اس گناہ سے جو مجھے معلوم ہے اور اس

الذَّنْبِ الَّذِیْ لَآ اَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ

گناہ سے جو مجھے معلوم نہیں بے شک تو غیبوں کا

الْغُیُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُیُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ ؕ وَلَا

جاننے والا ہے اور عیبوں کا چھپانے والا ہے اور گناہوں کا بخشنے والا ہے اور گناہوں سے

## ششم

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ

بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو عالی شان عظمت والا ہے۔

## کلمہ ردِ کفر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ کسی چیز کو تیرا

بِکَ شَیْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ

شریک بناؤں اور مجھے اس کا علم ہو اور میں معافی مانگتا ہوں تجھ سے اس (گناہ) سے جس کا مجھے

بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّاْتُ مِنَ الْکُفْرِ وَالشِّرْکِ

علم نہیں میں نے اس سے توبہ کی اور بیزار ہوا کفر سے اور شرک سے

وَالْکِذْبِ وَالْغِیْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِیْمَةِ وَ

اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور

الْفَوَاحِشِ وَالْبُھْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ کُلِّھَا وَ

بے حیائی کے کاموں سے اور تہمت لگانے سے اور (باقی) ہر قسم کی نافرمانیوں سے اور

أَسْلَمْتُ وَأَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ

میں ایمان لایا اور میں کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول

اللّٰهِ ؕ

## مسجد میں داخل ہونا

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ

ہیں۔ اے اللہ میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے

رَحْمَتِكَ ؕ

## مسجد سے باہر جانا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ

کھول دے۔ اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا

مِنْ فَضْلِكَ ؕ

## اذان

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ

سوال کرتا ہوں۔ اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ

رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ

اللہ کے رسول ہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ ؕ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ ؕ حَیَّ

نماز پڑھنے کے لیے آؤ۔ نماز پڑھنے کے لیے آؤ۔ نجات پانے

**فجر کی اذان میں**

عَلَى الْفَلَاحِ ط حَیَّ عَلَى الْفَلَاحِ ط

کے لیے آؤ ، نجات پانے کے لیے آؤ۔

اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ ط اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ

نماز نیند سے اچھی ہے۔ نماز نیند سے اچھی

**اقامت میں**

النَّوْمِ ط قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ ط

ہے۔ تحقیق نماز (کی جماعت) کھڑی ہوگئی

قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط لَآ اِلٰہَ

تحقیق نماز (کی جماعت) کھڑی ہوگئی۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔ اللہ کے سوا

**دعا بعد اذان**

اِلَّا اللّٰہُ ط اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ

کوئی معبود نہیں۔ اے اللہ اے پروردگار اس

الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ

پوری پکار کے اور قائم ہونے والی نماز کے

مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ

حضرت محمد ﷺ کو وسیلہ اور فضیلت اور بلند درجہ

الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ

عطا فرما اور اُن کو مقام محمود میں کھڑا کر جس کا تو نے اُن سے

وَعَدْتَّهٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ

وعدہ کیا ہے اور ہم کو قیامت کے دن ان کی شفاعت سے بہرہ مند کر۔ بیشک

لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ؕ **نیت نماز** اِنِّیْ وَجَّهْتُ

تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ میں نے اپنا منہ

وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا

اس کی طرف کیا جس نے آسمان اور زمین بنائے ایک اسی کا ہو کر

وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ؕ **ثنا** سُبْحٰنَكَ

اور میں مشرکوں میں نہیں۔ اے اللہ تیری ذات

اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰی

پاک ہے خوبیوں والی اور تیرا نام برکت والا ہے اور تیری شان

جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ؕ **تعوذ** اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

اونچی ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں

مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ؕ **تسمیہ** بِسْمِ

شیطان مردود سے۔ اللہ کے

اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ **سورۂ فاتحہ** اَلْحَمْدُ

نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔ سب خوبیاں

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ

اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا بہت مہربان رحمت والا روز جزاء کا

الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ

مالک ہم تجھی کو پوجیں اور تجھی سے مدد چاہیں

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ

ہم کو سیدھا راستہ چلا راستہ اُن کا

اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۵ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ

جن پر تو نے احسان کیا نہ اُن کا جن پر غضب ہوا اور

لَا الضَّآلِّيْنَ ۧ اٰمِيْنَ

## سُورَہ اِخلاص

قُلْ

نہ بہکے ہوؤں کا۔ الٰہی قبول فرما۔ تم فرماؤ

هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ۵ وَلَمْ

وہ اللہ ہے وہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ ہی

يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ

## تکبیر

اَللّٰهُ

وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی اللہ سب سے

اَكْبَرُ ؕ

## رکوع میں ۳ بار

سُبْحٰنَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ

بڑا ہے۔ پاک ہے میرا پروردگار عظمت والا۔

**تسمیع** سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ **تحمید**

اللہ نے اس بندے کی (بات) سن لی جس نے اس کی تعریف کی

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ **تکبیر** اَللّٰهُ اَكْبَرُ **سجدے میں ۳ بار**

اے ہمارے پروردگار تیرے لیے تمام تعریف ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى **تکبیر** اَللّٰهُ اَكْبَرُ

پاک ہے میرا پروردگار بڑا عالی شان اللہ سب سے بڑا ہے۔

**تشہد** اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبٰتُ

تمام زبانی عبادتیں اللہ کے لیے ہیں اور بدنی عبادتیں اور مالی عبادتیں بھی

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

سلام ہو تم پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ

سلامتی ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ **درود شریف** اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ الٰہی حضرت محمد ﷺ پر

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر رحمت بھیج جس طرح تو نے رحمت بھیجی

اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

الٰہی برکت دے حضرت محمد ﷺ کو اور حضرت محمد ﷺ کی آل کو جیسے

بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ

برکت دی تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل کو بے شک تو

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ **دعا** رَبِّ اجْعَلْنِىْ مُقِيْمَ

تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔ اے میرے رب مجھے

الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝

نماز قائم کرنے والا رکھ اور کچھ میری اولاد کو اے ہمارے رب اور ہماری دعا سن لے

رَبَّنَا اغْفِرْلِىْ وَلِوَالِدَىَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ

اے ہمارے رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور سب مسلمانوں کو جس دن

يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝ **دیگر** اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ ظَلَمْتُ

حساب قائم ہو گا الٰہی میں نے اپنے آپ پر بہت ظلم

نَفْسِىْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ

کیا ہے اور صرف تو ہی گناہوں کو بخش سکتا ہے

فَاغْفِرْلِىْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِىْٓ اِنَّكَ

پس اپنی خاص بخشش کے ساتھ مجھ کو بخش دے اور مجھ پر رحم فرما بے شک تو

اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ **دیگر** رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا

بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اے رب ہمارے ہمیں دنیا میں

حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

بھلائی دے اور ہمیں آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں عذاب دوزخ سے بچا۔

**دونوں طرف منہ پھیر کر کہے** اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

سلام ہو تم پر اور اللہ کی رحمت۔

**دعا بعد فرائض** اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ

الٰہی تو سلامتی والا ہے اور تجھی سے سلامتی ہے

السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ السَّلَامُ حَيِّنَا رَبَّنَا

اور تیری طرف سلامتی رجوع کرتی ہے اے ہمارے پروردگار ہم کو سلامتی کے ساتھ

بِالسَّلَامِ وَاَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا

زندہ رکھ اور سلامتی کے گھر میں ہم کو داخل کر لے ہمارے پروردگار تو برکت والا ہے

**نماز کے بعد**

وَتَعَالَيْتَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اور بلند ہے اے صاحب عظمت اور بزرگی والے

سُبْحٰنَ اللّٰہِ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۴ بار

پاک ہے اللہ تمام تعریف اللہ کے لیے ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔

**آیت الکرسی**

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ

اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ آپ زندہ

الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي

اور اوروں کا قائم رکھنے والا اسے نہ اونگھ آئے نہ نیند اسی کا ہے جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں وہ کون ہے جو اس کے

يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

یہاں سفارش کرے بغیر اس کے حکم کے جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے

وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا

اور جو کچھ ان کے پیچھے اور وہ نہیں پاتے اس کے علم میں سے مگر جتنا

بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا

وہ چاہے اس کی کرسی میں سمائے ہوئے ہیں آسمان اور زمین اور اسے

يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ۝

بھاری نہیں ان کی نگہبانی اور وہی ہے بلند بڑائی والا۔

www.onlinequranstudy.com